**28.03.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......شگفتہ یاسمین

**Music**

--------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سرکار وکست بھارت کی تعمیر کی خاطر جدید طرز کے بنیادی ڈھانچے کیلئے وافر سرمایہ کاری کر رہی ہے جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ وزیر اعظم نے اترپردیش میں **Jewar** کے مقام پر نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈّے کا افتتاح کیا۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے مغربی ایشیا لڑائی کے تناظر میں توانائی کی سپلائی کو لاحق خطرے اور دیگر معاملات کا جائزہ لینے کیلئے وزیروں کے گروپ کی میٹنگ کی صدارت کی اور محاذ آرائی کے کسی بھی طرح کے اثر سے بھارتی شہریوں کو محفوظ رکھنے کے عہد کو دوہرایا۔

☆ ایران نے دبئی میں امریکی اڈّوں پر حملہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے جہاں **500** سے زیادہ فوجی موجود تھے۔

☆ مرکزی وزیر اور **BJP** کے سرکردہ لیڈر امت شاہ نے مغربی بنگال سرکار پر ریاست میں سکیورٹی کوتاہی اور اقتصادی بدحالی کا الزام لگایا ہے۔ کانگریس مغربی بنگال میں سبھی **294** اسمبلی سیٹوں پر اکیلے چناؤ لڑے گی۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے کل شمال مشرقی بھارت میں گرج چمک کے ساتھ تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور چھتیس گڑھ میں جاری کھیلو انڈیا قبائلی گیمز میں کرناٹک سونے کے **15** تمغوں کے ساتھ سرِفہرست ہے۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Rev PM Modi Noida Airport**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اُن کی سرکار وکست بھارت بنانے کی خاطر جدید طرز کے بنیادی ڈھانچے میں وافر سرمایہ کاری کر رہی ہے، جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ آج اترپردیش کے گوتم بدھ نگر ضلع میں جیور کے مقام پر نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈّے کے پہلے مرحلے کا افتتاح کرنے کے بعد اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے بتایا کہ گذشتہ **11** سال کے دوران، بنیادی ڈھانچے کے بجٹ میں **6** گنا سے زیادہ کا اضافہ کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ شاہراہوں اور ایکسپریس ویز پر **17** لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ خرچ کئے گئے ہیں

اور ایک لاکھ کلو میٹر سے زیادہ کی شاہراہیں تعمیر کی گئی ہیں۔

**S/B 2100 PM Electification**

وزیر اعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ پہلی مرتبہ کشمیر وادی اور شمال مشرق کی راجدھانیوں کو ریل نیٹ ورک سے باہم منسلک کیا جارہا ہے جبکہ گذشتہ دہائی میں بندرگاہوں کی صلاحیت دوگنا سے بھی زیادہ ہوگئی ہے نیز اندرونِ ملک آبی گذرگاہوں کی تعداد میں لگاتار اضافہ ہو رہا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ملک، وکست بھارت کی تعمیر کیلئے درکار ہر شعبے میں تیز رفتار کے ساتھ کام کر رہا ہے۔

**S/B 2100 PM Rail Network**

عالمی چیلنجوں کے تناظر میں اجتماعی کوششوں اور قومی اتحاد پر زور دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ انھوں نے موجودہ محاذ آرائی سے پیدا ہونے والے بحران سے نمٹنے کے بارے میں پارلیمنٹ میں تفصیلی بیان دیا تھا اور وزرائے اعلیٰ کے ساتھ بھی تفصیلی بات چیت کی ہے۔

**S/B 2100 PM West Asia Conflict**

نوئڈا بین الاقوامی ہوائی اڈہ ملک میں سب سے بڑے گرین فیلڈ ایئر پورٹ پروجیکٹوں میں شامل ہے۔ نوئڈا بین الاقوامی ہوائی اڈّے کا پہلا مرحلہ سرکاری اور پرائیویٹ ساجھے داری ماڈل کے تحت 11ہزار 200 کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کے ساتھ تیار کیا گیا ہے۔x

## PM Saudi Arabia

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سعودی عرب کے ولیعہد شہزادے اور وزیر اعظم محمد بن سلمان سے بات چیت کی اور جاری مغربی ایشیا محاذ آرائی پر تبادلۂ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے آزادانہ نقل و حمل کو یقینی بنانے اور جہاز رانی کے راستوں کو کھولے جانے اور اُنہیں محفوظ بنانے سے اتفاق کیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے توانائی کے علاقائی بنیادی ڈھانچے پر حملوں کی مذمت کا اعادہ کیا۔ وزیر اعظم مودی نے سعودی عرب میں بھارتی برادری کی مسلسل مدد اور فلاح و بہبود کیلئے ولیعہد شہزادے کا شکریہ ادا کیا۔ x

## Rajnath West Asia Meeting

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج کہا ہے کہ حکومت، صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے اور جنگ کے اثرات سے بھارتی عوام کے تحفظ کے تئیں عہد بستہ ہے۔ نئی دلّی میں مختلف سینئر وزراء پر مشتمل وزراء کے ایک غیر رسمی گروپ کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جناب سنگھ نے یہ بات کہی۔ مغربی ایشیا میں جاری محاذ آرائی کے پیش نظر توانائی کی سپلائی کو لاحق خطرات، ضروری اشیاء کی گھریلو دستیابی، اہم بنیادی ڈھانچے کی مضبوطی اور بھارت کی سپلائی چین کا جائزہ لینے کے لیے یہ میٹنگ ہوئی تھی۔ x

## PNG Round Table

مکانات اور شہری امور کے وزیر منوہر لال، پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری اور صارفین کے امور، خوراک اور تقسیمِ عامہ کے وزیر پرہلاد جوشی نے شہری علاقوں میں پائپ کے ذریعے قدرتی گیس کی خدمات کی توسیع اور ضروری خدمات کے رکھ رکھاؤ سے متعلق ایک گول میز جائزہ میٹنگ کی۔ اِس جائزہ میٹنگ میں شہری علاقوں میں PNG نیٹ ورک کو وسعت دینے میں تیزی لانے اور ضروری خدمات کی بلا رکاوٹ فراہمی کو یقینی بنانے پر متعلقہ فریقوں کے درمیان تبادلۂ خیال ہوا۔ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر نے توانائی سے متعلق بدلتے ہوئے عالمی منظر نامے کو اجاگر کیا اور توانائی کی یقینی فراہمی اور پائیداری بڑھانے کے سلسلے میں PNG کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔

جناب ہردیپ پوری نے خاص طور سے اُن علاقوں میں، جہاں پہلے سے بنیادی ڈھانچہ دستیاب ہے، PNG کو اختیار کیے جانے کو سرگرمی سے فروغ دینے کیلئے ریاستوں اور شہری بلدیاتی اداروں کی حوصلہ افزائی کی۔ x

## Govt Interministerial Statement

مغربی ایشیا کی ابھرتی ہوئی صورتحال کے تناظر میں سرکار نے کہا ہے کہ پورے ملک میں سبھی پٹرول پمپوں پر پٹرول اور ڈیزل کا مناسب اسٹاک دستیاب ہے۔ ایک بیان میں سرکار نے بتایا ہے کہ کُل ملک میں 54لاکھ سے زیادہ LPG سلنڈر دستیاب کرائے گئے۔ سرکار نے یہ بھی کہا ہے کہ تیل صاف کرنے کے سبھی کارخانے اپنی پوری صلاحیت کے ساتھ کام کر رہے ہیں اور پٹرول اور ڈیزل کا وافر اسٹاک برقرار رکھا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ، کمرشل LPG کا الاٹمنٹ بحران سے پہلے کی سطح کے مقابلے 70فیصد بڑھا دیا گیا ہے۔ خطے میں بھارتی شہریوں کی خیر وعافیت کو یقینی بنانے کی سمت کئے گئے اقدامات کو اجاگر کرتے ہوئے سرکار نے بتایا ہے کہ پچھلے مہینے کی 28تاریخ کے بعد سے تقریباً پانچ لاکھ بھارتی شہری خطے سے وطن واپس آچکے ہیں۔متحدہ عرب امارات سے بھارت میں مختلف ہوائی اڈّوں کیلئے آج تقریباً 85غیر طے شدہ پروازیں چلائے جانے کا پروگرام ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مختلف ملکوں کے راستے ایران، اسرائیل اور عراق سے بھارتی شہریوں کے سفر میں سہولت پیدا کی جارہی ہے۔اس دوران، خطے میں بھارتی مشن اور دیگر متعلقہ ادارے مختلف ہیلپ لائن کے ساتھ دن رات کام کر رہے ہیں۔ سیفٹی اور بحری کارروائیوں کو اجاگر کرتے ہوئے سرکار نے کہا ہے کہ اس نے گذشتہ 24 گھنٹے کے دوران 25ملاحوں سمیت اب تک 938سے زیادہ بھارتی ملاحوں کی وطن واپسی میں سہولت پیدا کی ہے۔x

## Iran Attack Dubai

مغربی ایشیا کے خطے میں لڑائی کا سلسلہ جاری ہے اور اُدھر ایران نے کہا ہے کہ اُس نے دبئی میں امریکی فوج کے دو اڈّوں کو نشانہ بنایا ہے۔ ایران کی سرکاری کنٹرول والی Fars خبر رساں ایجنسی کے مطابق حضرت خاتم الانبیاء کے مرکزی ہیڈکوارٹرس کے ترجمان نے دعویٰ کیا ہے کہ خطے میں امریکی اڈّوں پر ایران کے پہلے کے حملوں کے بعد امریکی فوج کے اہلکار اِن مقامات پر منتقل ہوگئے تھے۔

ترجمان نے دعویٰ کیا کہ اِن ٹھکانوں پر 500 سے زیادہ فوجی موجود تھے، جن میں ایک فوجی اڈّے پر تقریباً 400 اور دوسرے پر لگ بھگ 100 اہلکار متعین تھے۔ بیان میں یہ دعویٰ بھی کیا گیا ہے کہ ایران کے سپاہِ پاسدارانِ انقلابِ اسلامی نے اِن ٹھکانوں کی نشاندہی کرنے کے بعد اچوک میزائل اور ڈرون حملے کئے۔ البتہ امریکی حکام نے ابھی تک اِس پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔x

## Amit Shah Kolkata Visit

BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج ترنمول کانگریس کی قیادت والی ممتا بنرجی حکومت پر مغربی بنگال میں سکیورٹی میں چوک اور مالی پریشانی کا الزام لگایا ہے۔ انہوں نے ممتا بنرجی کی جانب سے غیر قانونی طور پر رہ رہے افراد کو خوش کرنے کے سبب مغربی بنگال میں محنت کرنے والے لوگوں کی خراب صورتحال اور کم اجرت کا بھی اجاگر کیا۔ آج جناب امت شاہ نے کولکاتہ میں Jonogoner Chargesheet پروگرام میں شرکت کی۔ انہوں نے مغربی بنگال میں ترنمول کانگریس کے 15 سال کے ظلم و جبر اور خراب حکمرانی کو اجاگر کرنے والا ایک پیپر جاری کرنے کے بعد میڈیا سے خطاب کیا۔ SIR کے معاملے پر جناب شاہ نے ممتا بنرجی کو انتخابی کمیشن پر حملہ کرنے کیلئے تنقید کا نشانہ بنایا۔ x

## PM Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر اپنے پروگرام ''من کی بات'' میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 132واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپ پر بھی نشر ہوگا۔ اِسے AIR نیوز،ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر براہِ راست سنا جاسکے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی سے اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔x

## Congress WB Polls

کانگریس پارٹی نے آج کہا ہے کہ وہ مغربی بنگال میں آئندہ اسمبلی انتخابات میں سبھی 294 سیٹوں پر چناؤ لڑے گی۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کانگریس لیڈر ادھیر رنجن چودھری نے یہ بات کہی۔

## TN Assembly Election

تمل ناڈو اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں انتخابی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں۔ AIADMK کی قیادت والے NDA اتحاد، جس کے 10 سے زیادہ شراکت دار ہیں اور سیکولر ڈیموکریٹک الائنس، جس کے پاس بھی 10 سے زیادہ ساتھی ہیں، انہوں نے تقریباً اپنے امیدواروں کا اعلان کر دیا ہے۔ BJP نے انتخابی میدان میں اپنے امیدواروں کے ناموں کا ابھی اعلان نہیں کیا ہے اور ووٹروں کے درمیان سیاسی ہلچل تیز ہوگئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC Joy

234اسمبلی حلقوں کیلئے پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کا عمل عنقریب شروع ہونے والا ہے۔ NDA کی ساتھی پارٹیوں اور اداکار سے سیاست داں بنے Seeman کی قیادت میں TVK نے ووٹروں کو راغب کرنے کا سلسلہ پہلے ہی شروع کر دیا ہے۔ Anaithindya MGR کی Sasikala اور ڈاکٹر Anbumani کے والد ڈاکٹر Ramadoss کی قیادت میں PMK نے اتحاد قائم کرلیا ہے اور امیدواروں کے ناموں کا ابھی اعلان کیا جانا باقی ہے۔ 51 کروڑ 61لاکھ 7ہزار 380ووٹر، تمل ناڈو میں امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔

چنئی سے جوائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ارجمند علی خان

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کل ملک کے شمال مشرقی حصے میں شدید بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کی ایجنسی نے آئندہ دو روز کے دوران دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش، پنجاب اور راجستھان میں بھی گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور ژالہ باری ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ جموں وکشمیر، لداخ، گلگت بلتستان اور مظفر آباد میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ x

## IAF Airshow

دو روزہ ایئر شو کے اختتام کے موقع پر چنڈی گڑھ کی Sukhna جھیل کے اوپر بھارتی فضائیہ کے سوریہ کرن Aerobatic ٹیم کے شاندار مظاہرے نے ناظرین کو حیرت زدہ کر دیا۔ بھارتی فضائیہ کے طیاروں نے Loops، Barrel rolls، inverted flying اور steep dives کا مظاہر کیا۔ ٹیم نے آسمان پر قومی پرچم کے تینوں رنگ بکھیرے اور Y سے یوا بھی تحریر کردیا، جس پر پورا ماحول ناظرین کی تالیوں سے گونج اٹھا۔

پنجاب اور ہریانہ کے گورنروں اور وزرائے اعلیٰ نے اپنے اہل خانہ کے ہمراہ اس شو کا مشاہدہ کیا۔ اس موق پر پنجاب اور ہریانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اور دیگر معززین بھی موجود تھے۔ x

## Chhattisgarh Khelo India

چھتیس گڑھ میں جاری پہلے کھیلو انڈیا قبائلی گیمز میں آج چوتھے دن تیراکی، ویٹ لفٹنگ، فٹبال اور کُشتی کے مقابلے ہوئے۔ کرناٹک، سونے کے 15تمغوں کے ساتھ بدستور سرفہرست ہے۔ اڈیشہ سونے کے 9تمغوں کے ساتھ دوسرے مقام پر، جبکہ آسام، سونے کے چار تمغے حاصل کرکے تیسری پوزیشن پر ہے۔ آج اِن گیمز میں تیراکی کے مقابلے مکمل ہوئے۔ خواتین کے 100میٹر فری اسٹائل مقابلے میں اڈیشہ کی Ritika Minj نے سونے کا تمغہ جیتا۔ مردوں کے مقابلے میں کرناٹک کے Dhounis N. نے 100میٹر فری اسٹائل میں سونے کا تمغہ جیتا۔ کھیلو انڈیا قبائلی گیمز، 25مارچ کو شروع ہوئے تھے اور یہ 3اپریل تک جاری رہیں گے۔x

## IPL Cricket

19ویں انڈین پریمیئر لیگ IPL ٹورنامنٹ آج شام بینگلورو میں شروع ہوگیا ہے۔

ایم چنّا سوامی اسٹیڈیم میں کھیلے جارہے پہلے میچ میں سن رائزرس حیدرآباد نے موجودہ چمپئن رائل چیلنجرس بینگلورو کے سامنے 202رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اس سے قبل رائل چیلنجرس بینگلورو نے ٹاس جیت کر سن رائزرس حیدرآباد سے بلے بازی کرنے کو کہا اور اُس نے مقررہ 20اوورس میں 9وکٹ پر 201رن بنائے۔

یہ دو ماہ طویل IPL ٹورنامنٹ 31مئی تک جاری رہے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆